## سوال

غیراللہ کے نام کی نذرونیازاوررجب کے کونڈے

## جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

غیراللہ کے نام پہ جوکھانے دیئے جاتے ہیں جیسے محرم میں نیاز، رجب کے کونڈے اورگیارہویں وغیرہ انکے بنانے میں کتناگناہ ہے اوراگروالدین کی طرف سے سختی کی جائے اور مجبوری میں وہ بنائے جائیں توکیااس میں بھی گناہ ملے گا۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ
والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصول یہ ہے کہ شرک وبدعت اورگناہ کے کاموں میں والدین کی اطاعت نہیں ہے۔ ارشادباری تعالی ہے۔

وَإن جاہَدٰک عَلیٰ أن تُشرِکَ بِی مالَیسَ لکَ بِہِ عِلمٌ فلاَ تُطِعھُما وَصاحِبھُما فِی الدُّنیا مَعرُوفًا وَاتَّبِع سَبِیلَ مَن أَنابَ إلَیَّ ثُمَّ إلَیَّ مَرجِعُکُم فَأُنَبِّئُکُم بِما کُنتُم تَعمَلُون ۱۵

راگروہ دونوں تجھ پراس بات کا دباؤڈالیں کہ تومیرے ساتھ شریک کرے جس کاتجھے علم نہ ہوتوتوان کاکہنا نہ ماننا، ہاں دنیامیں ان کے ساتھ اچھی طرح بسر کرنااوراس کی راہ چلناجومیری طرف جھکاہواہوتمہاراسب کالوٹنامیری ہی طرف ہے تم جوکچھ کرتے ہواس سے پھر میں تمہیں خبردارکروں گا

پ کاارشادہے :

ءلمخلوق فی معصیۃ الخالق۔ (مسنداحمد)

خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی کسی قسم کی بھی اطاعت جائزنہیں ہے۔

ھذاماعندی واللہ أعلم بالصواب

## محدث فتوی

فتوی کمیٹی